# حکومت پاکستان

## کوآپریٹوسوسائٹیز ڈیپارٹمنٹ، اسلام آباد

# عنوان: نوٹس برائے انتخابات انتظامی کمیٹی

## انجینئرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، D-18، اسلام آباد

سوسائٹی ہذا کے الیکشن برائے انتظامی کمیٹی مورخہ 05-09-2026 بروز ہفتہ بوقت صبح 9 بجے بمقام F-8 فٹبال گراؤنڈ اسلام آباد منعقد ہوں گے۔

**1** حسب ذیل عہدوں کیلئے انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔

(I) صدر (II) نائب صدر (III) سیکرٹری (IV) خزانچی (V) ایگزیکٹو ممبر تعداد 5

**2** عبوری ووٹر لسٹ سوسائٹی آفس میں مورخہ 09-07-2026 تا 13-07-2026 آویزاں کی جائے گی۔

**3** عبوری ووٹر لسٹ پر اعتراضات سوسائٹی آفس میں مورخہ 14-07-2026 تا 17-07-2026 داخل کئے جاسکتے ہیں۔ عبوری ووٹر لسٹ پر اعتراضات کی سماعت مورخہ 21-07-2026 کو ہوگی اور حتمی ووٹر لسٹ مورخہ 24-07-2026 کو آویزاں کی جائے گی۔

**4** انتخابات میں شرکت کے متمنی حضرات نامزدگی فارم دفتر الیکشن کمشنر سے مورخہ 27-07-2026 تا 29-07-2026 شام 4 بجے تک حاصل کرسکتے ہیں۔

پروگرام الیکشن مندرجہ ذیل ہوگا۔

(الف) نامزدگی فارم داخل کرانے کی تاریخ مورخہ 30-07-2026 تا 01-08-2026 شام 4 بجے تک ہے۔

(ب) کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال دفتر الیکشن کمشنر میں مورخہ 03-08-2026 تا 05-08-2026 تک ہوگی امیدواران 07-08-2026 کو الیکشن کمیشن کے روبرو پیش ہونگے۔ بعدازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

(پ) عبوری لسٹ اہل امیدواران 10-8-2026 کو آویزاں کی جائے گی۔

(ت) بسلسلہ امیدواری الیکشن کمیشن کے فیصلہ کے خلاف اپیل اور اسکی سماعت مورخہ 12-08-2026 تا 19-08-2026 تک ہوگی۔

(ث) حتمی فہرست اہل امیدواران 21-08-2026 کو آویزاں کی جائے گی۔

(ج) اہل امیدواران اپنا نام مورخہ 24-08-2026 تا 26-08-2026 تک واپس لے سکتے ہیں۔

(ح) حتمی فہرست امیدواران الیکشن انتظامیہ کمیٹی 28-08-2026 کو آویزاں کی جائے گی۔

(خ) کمیٹی کے ممبران کا انتخاب خفیہ بیلٹ پیپر کے ذریعے مورخہ 05-09-2026 بروز ہفتہ 09 بجے شروع ہوکر شام 04 بجے بمقام F-8 فٹبال گراؤنڈ اسلام آباد جاری رہے گا۔

**5** انتخاب میں حصہ لینے کی اہلیت:

ہر وہ شخص انتظامی کمیٹی کے انتخاب میں حصہ لے سکتا ہے جوکہ:

(i) جس ممبر کا نام حتمی ووٹر لسٹ میں موجود ہو (ii) جس کی عمر 21 سال سے زائد ہو، (iii) ممبر سوسائٹی ہذا کا پلاٹ ہولڈر ہو اور اس نے پلاٹ کی پوری قیمت جمع کرائی ہو۔ (iv) جسے فاتر العقل نہ قرار دیا گیا ہو (v) ایگزیکٹو ممبر کے لئے ممبر شپ ایک سال پرانی ہو یا سالانہ اجلاس عام سے منظور شدہ ہو۔ (vi) صدر، نائب صدر، سیکرٹری اور خزانچی کے لیے ممبر شپ کم از کم تین سال پرانی ہو۔ (vii) وہ ممبران جن کے رشتہ دار مثلاً والدین، بھائی، بہن یا میاں، بیوی سوسائٹی میں ملازمت یا سوسائٹی سے کسی قسم کا مالی فائدہ حاصل نہ کرتا ہو۔ (viii) جو رول 48 کوآپریٹو سوسائٹیز رولز 2018 کے تحت معطل شدہ انتظامی کمیٹی کا ممبر نہ رہا ہو (ix) جو ممبر سوسائٹی سے مالی فائدہ حاصل نہ کرتا ہو نیز رئیل اسٹیٹ کا بزنس نہ کرتا ہو (x) وہ کسی اخلاقی جرم میں سزا یافتہ نہ ہو (x) ایسے ممبران جن کی ممبر شپ سوسائٹی bylaws کے مطابق معطل شدہ نہ ہو۔ (xii) وہ شخص جس کا سوسائٹی کے کاروبار میں ایسا مفاد نہ ہو جوکہ اسکی تجویز کردہ ڈیوٹی کے ساتھ متصادم ہو۔ (xiii) وہ شخص جو سوسائٹی سے مالی فائدہ تنخواہ یا قرض لیا ہو اور نامزدگی فارم جمع کرانے سے دو سال پہلے اپنے واجبات ادا کر چکا ہو۔ (xiv) وہ شخص جو کسی ادارہ میں سرکاری ملازم ہوگا نامزدگی فارم جمع کرواتے وقت متعلقہ ادارہ سے NOC جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ (xv) ایسا ممبر جو پہلے کسی دوسری کوآپریٹو سوسائٹی کا ممبر ہو اور نامزدگی فارم جمع کروانے سے پہلے متعلقہ کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا ہو۔

(xvi) سوسائٹی کے ذیلی قوانین یعنی By Laws کے نمبر 6-C کے تحت صرف انجینئر زممبران ہی سوسائٹی انتخاب میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**6** ووٹ ڈالنے کی اہلیت:۔

(i) ممبر سوسائٹی جس کا نام الیکشن کمیشن کی جاری شدہ حتمی ووٹر لسٹ میں موجود ہو وہی انتخابات میں صرف ایک ووٹ ڈال سکتا ہے۔ بمطابق سوسائٹی ذیلی قوانین یعنی By Laws نمبر 6-C صرف انجینئر ممبران سوسائٹی انتخاب میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ نیز سوسائٹی ممبران کے لئے ثبوت کے طور پر نادرا کا اصل شناختی کارڈ، اصل ممبر شپ سلپ/اصل الاٹمنٹ لیٹر ہمراہ لانا لازمی ہے۔

**(نوٹ)** تاریخ مقررہ تک نامزدگی فارم الیکشن کمشنر آفس/اے سی (شالیمار) آفس سے حاصل کرسکتے ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر (شالیمار) الیکشن کمشنر انجینئرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، D-18، اسلام آباد

انجینئر لیفٹیننٹ کرنل (ر) منصور اصغر
(ممبر الیکشن کمیشن)

انجینئر کرنل (ر) ضیاء الحسن
(ممبر الیکشن کمیشن)